SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.XI OF 1974

مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی اور تربیتی ادارے (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT EDUCATIONAL AND TRAINING INSTITUTIONS (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کے لمبے عنوان اور تمہید کی ترمیم
Amendment of long title and preamble of West Pakistan Ordinance XI of 1960
۳۔ ۱۹۶۰ کی قیمت پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱ کی ترمیم
Amendment of Section 1 of West Pakistan Ordinance XI of 1960
۴۔ ۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعات ۴ اور ۵ کی ترمیم
Amendment of Sections 4 and 5 of West Pakistan Ordinance XI of 1960
۵۔ ۱۹۶۰ کی قیمت پاکستان آرڈیننس XI کی دفعی ۹ کی تبدیلی
Substitution of Section 9 of West Pakistan Ordinance XI of 1960
۶۔ ۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۰ کی تبدیلی
Substitution of Section 10 of West Pakistan Ordinance XI of 1960
۷۔ ۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of Section 11 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۸۔ ۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

Amendment of Section 17 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.XI OF 1974

مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی اور تربیتی ادارے (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT EDUCATIONAL AND TRAINING INSTITUTIONS (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۱۷ اگست ۱۹۷۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی اور تربیتی

ادارے آرڈیننس، ۱۹۶۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی اور تربیتی ادارے آرڈیننس، ۱۹۶۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی اور تربیتی ادارے (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کے لمبے عنوان اور تمہید کی ترمیم
Amendment of long title and preamble of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۲۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان سرکاری تعلیمی ادارے آرڈیننس، ۱۹۶۰ میں، جس کو اس کے بعد بھی پرنسپل آرڈیننس کہا جائے گا، اس کے لمبے عنوان اور تمہید کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۶۰ کی قیمت پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱ کی ترمیم
Amendment of section 1 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۳۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۱ میں:

(a)ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "حکومت" کو ختم کیا جائے گا؛

۱۹۶۰ کے مغربی

پاکستان آرڈیننس XI کی دفعات ۴ اور ۵ کی ترمیم
Amendment of sections 4 and 5 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

(b)ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ متبادل ہوگی:
"(۲) یہ ایسے اداروں پر اور ایسی تاریخ سے نافذ ہوگا، جیسے بعد میں تاریخ بیان کی گئی ہو، جیسے حکومت کی طرف سے نوٹیفکیشن میں بیان کیا گیا ہو۔"۔

۱۹٦۰ کی قیمت پاکستان آرڈیننس XI کی دفعی ۹ کی تبدیلی
Substitution of section 9 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۴۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۴ اور ۵ میں، لفظ "گورنر" کے لیئے لفظ "حکومت" متبادل ہوگا۔

۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۰ کی تبدیلی
Substitution of section 10 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۵۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۹ کے لیئے مندرجہ ذیل دفعہ متبادل ہوگی، یعنی:
(عملے کے حوالے سے عارضی گنجائشیں) "۹۔ کسی ادارے میں خدمت سرانجام دینے والا ہر فرد، جب تک حکومت عوامی مفاد میں ہدایت نہ کرے، بورڈ کا ملازم ہو جائے گا اور مذکورہ تاریخ سے ایسی شرائط و ضوابط کے تحت جیسے بیان کیا گیا ہو، جو اس کو بیان کردہ تاریخ سے پہلے ملنے والے فوائد سے کم فوائد نہیں ہوں گی۔

۱۹٦۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم
Amendment of

٦۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ کے لیئے مندرجہ ذیل دفعہ متبادل ہوگی، یعنی:
جائیداد۔ ۱۰۔(۱) ساری جائیداد، منقولہ یا غیر منقولہ جو مذکورہ تاریخ سے فوری پہلے ادارے سے

منسلک ہو، وہ بورڈ میں شامل ہو جائے گی۔

(۲)اگر حکومت دفعہ ۱ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت جاری کردہ نوٹیفکیشن کو منسوخ کرتی ہے تو بورڈ میں شامل جائیداد، جب تک حکومت عوامی مفاد میں دوسری کوئی ہدایت نہ کرے حکومت کو منتقل ہو جائے گی یا جیسے معاملہ ہو، ادارے کو منتقل ہو جائے گی۔

section 11 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۱۹۶۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XI کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

۷۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۱۱ کی ذیلی دفعہ (۲) میں شق (e) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی، یعنی:

"(f)مذکورہ تاریخ سے فوری پہلے ادارے کی طرف سے رکھے گئے یا ادارے کے نام پر رکھے گئے فنڈس۔"۔

Amendment of section 17 of West Pakistan Ordinance XI of 1960

۸۔ پرنسپل آرڈیننس میں، دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (a) میں، الفاظ "سرکاری ملازم" کے لیئے الفاظ "ادارے میں خدمت سرانجام دینے والا شخص" متبادل ہوں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔